**08.11.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .....کلیم احمد

**Music**

---

☆ روشنیوں کا تہوار دیوالی آج ملک اور بیرونِ ملک منایا جارہا ہے۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے چھتیس گڑھ کے بستر خطے میں سکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ دیوالی منائی۔ وزیرِ اعظم نے کہا کہ یہ ایسی پہلی دیوالی ہے کہ جب ملک میں ہر ضلعے سے نکسلی مسئلے کا خاتمہ ہوچکا ہے۔

☆ وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ نے سکم میں فوج کے جوانوں کے ساتھ دیوالی منائی اور سکیورٹی فورسز کی دلیری کی ستائش کی۔

☆ اسرائیل میں اپوزیشن Yashar پارٹی کے لیڈر Gadi Eisenkot، عرب پارٹیوں کی حمایت کے ساتھ مخلوط سرکار بنائیں گے۔

☆ ٹینس میں آج شام چنئی اوپن کے خواتین ڈبلز کے فائنل میں بھارت کی Vaishnavi Adkar اور Rutuja بھوسلے کا مقابلہ سوئٹزرلینڈ کی جوڑی سے ہوگا۔

☆ اور کرکٹ میں، Oman میں 19 سال تک کی عمر کے کھلاڑیوں کے ایشیا کپ میں بھارت اور پاکستان کے درمیان میچ جاری ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Diwali PM**

روشنیوں کا تہوار دیپاولی آج ملک اور بیرونِ ملک مذہبی عقیدت اور جوش و خروش کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ برائی پر اچھائی کی فتح کی علامت کا یہ تہوار پر دیوں کو روشن کرکے اور گھروں کو سجاکر منایا جاتا ہے۔ اِس موقع پر لوگ خوشحالی اور دولت کیلئے دیوی لکشمی اور بھگوان گنیش کی پوجا اَرچنا کرتے ہیں۔

**SB - 08.15 - Diwali Song**

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو اور نائب صدر سی پی رادھا کرشنن نے ملک اور بیرونِ ملک آباد بھارتی افراد کو دیوالی کی مبارکباد دی ہے۔ ایک پیغام میں صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا کہ یہ تہوار منفی طرزِ فکر پر اچھائی کی فتح کی عکاسی کرتا ہے

اور مشکلات کے خاتمے نیز ایک پُرمسرت اور خوشحال زندگی کے آغاز کا مظہر ہے۔

صدرِ جمہوریہ نے لوگوں سے زور دے کر یہ بھی کہا ہے کہ وہ ماحولیات کا تحفظ کریں، ہم آہنگی کو فروغ دیں اور وکست بھارت کی تعمیر میں اپنا رول ادا کریں۔x

**Rev PM Diwali Bastar**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے آج چھتیس گڑھ کے بستر میں بہادر سکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ دیوالی منائی۔ اِس موقع پر جناب مودی نے کہا کہ ملک اور بیرونِ ملک کروڑوں بھارتی افراد جوش و خروش کے ساتھ روشنیوں کا تہوار منا رہے ہیں۔

جوانوں سے خطاب کرتے ہوئے، وزیرِ اعظم نے کہا کہ ملک میں امن برقرار رکھنے اور ملک کی سرحدوں کی نگہبانی کرنے والے سکیورٹی اہلکار، اُن کے کنبے کے ارکان ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ بستر وہ علاقہ ہے، جہاں ایک زمانے میں نکسلیوں کا زور تھا اور اب سکیورٹی اہلکاروں کی قربانیوں اور اُن کے پختہ عزم کی بدولت وہاں امن اور ترقی کا دور دورہ ہے۔

وزیرِ اعظم نے کہا کہ اِس سال کی دیوالی خاص اہمیت کی حامل ہے کیونکہ نکسلی مسئلے اور ماؤ نوازوں کے تشدد کے خلاف کئی دہائیوں سے جاری لڑائی میں ملک نے ایک بڑا سنگِ میل طے کیا ہے۔

**SB - PM - Naxalism**

وزیرِ اعظم نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ ایک طرف تو 50 کروڑ افراد کو انتہائی غربت سے باہر لایا گیا ہے، جبکہ دوسری طرف ملک میں نکسلیوں کے تشدد کا خاتمہ ہوگیا ہے۔

**SB - 14.15 - PM Govt Yojnaye**

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ...

**VC - Anupam Mishra**

*گذشتہ 12 سال میں وزیرِ اعظم نریندر مودی نے یہ روایت قائم کی ہے کہ وہ ہر سال کئی اہم فوجی مقامات پر ملک کے دِلیر سکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ دیوالی مناتے ہیں۔ اِن میں سیاچن، کرگل، راجوری، لونگے والا، Lepcha، Harsil اور اگلے مورچوں کے دیگر علاقے شامل ہیں۔*

*پچھلے سال جناب مودی نے ملک میں ہی تیار کئے گئے بھارت کے طیارہ بردار بحری جہاز INS وِکرانت میں سوار بحریہ کے اہلکاروں کے ساتھ دیوالی منائی تھی۔ اِس سال دیوالی کا جشن خصوصی اہمیت کا حامل ہے کیونکہ چھتیس گڑھ کا بستر خطہ، جو پہلے بائیں بازی کی انتہا پسندی سے متاثر تھا، وہ اب سلامتی، ترقی اور نئی امید کی ایک علامت کے طور پر ابھرا ہے۔*

*سکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ سالانہ گفتگو، اُن دِلیر اہلکاروں کے پختہ عزم اور اُن کی قربانیوں کو تسلیم کرنے کا ایک موقع بھی ہے، جو ملک کے اقتدارِ اعلیٰ اور علاقائی سلامتی کا دفاع کرنے کیلئے بدستور ڈیوٹی پر رہتے ہیں۔ وزیرِ اعظم کے دورے سے قومی سلامتی نیز دہشت گردی اور انتہا پسندی کو بالکل برداشت نہ کرنے کی پالیسی کے تئیں سرکار کے پختہ عہد کی بھی عکاسی ہوتی ہے۔*

سکیورٹی اہلکاروں کے غیر متزلزل عہد اور عزم کی بدولت ملک کے کروڑوں کنبے امن، سلامتی اور
محفوظ ہونے کے احساس کے ساتھ دیوالی مناتے ہیں۔
دلّی سے انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ...

**Rajnath Singh Visits Sikkim**

وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ War میموریلس سے ملک کی نوجوان نسل کی حوصلہ افزائی یقیناً ہوتی رہے گی۔ وہ آج سکم میں Sherathang وار میموریلس پر فوج کے اہلکاروں سے خطاب کررہے تھے۔ وزیرِ دفاع نے علاقے میں تعینات فوجی اہلکاروں کے ساتھ دیوالی منائی۔

سکیورٹی فورسز کی دلیری کا تذکرہ کرتے ہوئے، جناب راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ اگر ملک کے لوگ پُرامن طریقے سے دیوالی منا رہے ہیں تو ایسا فورسز کی بدولت ہوا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ Sherathang وار میموریلس، اُن شہیدوں اور جنگی سوراماؤں کو موزوں خراجِ عقیدت ہے، جنہوں نے ملک کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کردیا تھا۔

**SB- Rajnath Singh**

فوج کے سربراہ دھیرج سیٹھ اور فوج کے سرکردہ عہدیدار بھی جناب سنگھ کے ہمراہ تھے۔x

**BJP Advani**

BJP کے صدر نتن Nabin نے پارٹی کے آزمودہ کار رہنما بھارت رتن لال کرشن اڈوانی کے 100 ویں جنم دن پر نئی دلّی میں BJP ہیڈکوارٹرس میں ایک پروگرام میں شرکت کی۔ اس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے، جناب Nabin نے کہا کہ نوجوان نسل کو عظمت و وقار، دیانتداری اور حساسیت کی اقدار اختیار کرنے کیلئے جناب اڈوانی کی شخصیت اور اُن کی زندگی سے ترغیب حاصل کرنی چاہیئے، جو سیاست میں ضروری ہیں۔x

**Keralam Shigella Infection**

کیرالم کے محکمۂ صحت نے Shigella انفیکشن کی تصدیق ہونے کے تناظر میں احتیاطی اقدامات تیز کردیئے ہیں۔ ترو ونتا پورم اور Thrissur میں ایک-ایک کیس کی اطلاع ملی ہے، جبکہ مَلاّ پورم اور کوزی کوڈ سے تین-تین معاملات کی تصدیق ہوئی ہے۔

اِس طرح مَلاّ پورم ضلعے میں تصدیق شدہ Shigella کیسوں کی مجموعی تعداد بڑھ کر 8 ہوگئی ہے۔ محکمۂ صحت نے بیماری کو پھیلنے سے روکنے کی خاطر الرٹ جاری کیا ہے اور احتیاطی اقدامات تیز کردیئے ہیں۔x

**Chattisgarh - Swachh Sarvekshan**

چھتیس گڑھ کے تین شہروں - رائے پور، بلاس پور اور Bilha کو سوچھ سرویکشن 26-2025 کے تحت قومی اعزاز سے نوازا جائے گا۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، اِس مہینے کی 11 تاریخ کو نئی دلّی میں ایک تقریب کے دوران یہ اعزاز عطا کریں گی۔
یہ ایوارڈس، مستقل صفائی ستھرائی کی مہم، لوگوں کی شرکت اور صفائی کارکنان کی انتھک کوششوں کے اعتراف میں عطا کیے جاتے ہیں۔x

## Israel Election Development

اسرائیل میں یشار پارٹی کے چیئرمین گادی آئزن کوٹ نے 67 قانون سازوں کی حمایت حاصل کرنے کے بعد ملک میں قومی ایمرجنسی حکومت کے قیام کی اپیل کی ہے۔ آئزن کوٹ کے ذریعے 120 رکنی Knesset میں 67 قانون سازوں کی حمایت کے فیصلہ کُن مظاہرے کے بعد اسرائیل کے صدر Isaac Herzog نے آئزن کوٹ کو باضابطہ طور پر ملک کی اگلی حکومت قائم کرنے کا کام سونپا ہے۔
ایکس پر اپنے پوسٹ میں آئزن کوٹ نے کہا کہ اب قومی ایمرجنسی حکومت قائم کرنے کا وقت ہوگیا ہے۔ یہ پیشرفت، موجودہ وزیراعظم بنیامن نیتن یاہو کے لئے بڑا سیاسی جھٹکا ہے جن کی دعویداری Knesset کے دھڑوں کی جانب سے اگلی حکومت کے قیام کیلئے آئزن کوٹ کی حمایت کرنے پر کمزور ہوئی ہے۔
اسرائیل کے صدر کے دفتر کی جانب سے جاری بیان کے مطابق، صدر Herzog کا فیصلہ، سیاسی دھڑوں کے نمائندوں سے مشاورت اور نیتن یاہو اور آئزن کوٹ دونوں سے بات چیت کے بعد آیا ہے۔x

## Chennai Open Tennis

ٹینس میں بھارت کی ویشنوی Adkar اور Rutuja بھوسلے آج شام چنئی کے SDAT ٹینس اسٹیڈیم میں WTA ٹورنامنٹ کے خواتین کے ڈبلز کے فائنل میں سوئٹزرلینڈ کی Naima Karamoko اور Simona Waltert کی جوڑی کا مقابلہ کریں گی۔ بھارتی جوڑی WTA ٹور سطح کے ڈبلز کے فائنل میں مقابلہ کرنے والی پہلی مکمل بھارتی ٹیم ہوگی۔ یہ میچ شام 4 بجے کھیلا جائے گا۔ بھارتی جوڑی نے گل سنسنی خیز سیمی فائنل میں Weronika Falkowska اور Alana Smith کی دوسرے درجہ بندی کی حامل جوڑی کو ہراکر فائنل میں جگہ بنالی تھی۔x

## Cricket Under 19

Oman میں 19 سال تک کی عمر کے کھلاڑیوں کے ACC ایشیا کپ کرکٹ میں گروپ اے کے میچ میں پاکستان کے خلاف کھیلتے ہوئے، بھارت نے اب سے کچھ دیر پہلے تک 42 اوورس میں 8 وکٹ پر 194 رَن بنالئے تھے۔
اِس سے قبل بھارت نے ٹاس جیت کر بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ بھارتی ٹیم کی قیادت کپتان لکشیہ Raichandani کررہے ہیں۔ اس میں بھارتی کرکٹ کے نامور کھلاڑی وریندر سہواگ کے بیٹے آریہ ویر سہواگ اور راہل دراوِڑ کے بیٹے Anvay دراوِڑ Standout کھلاڑیوں کے طور پر ٹیم میں شامل ہیں۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆